مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف و تبصرۂ کتب

اسلام اور تربیت اولاد | تالیف: شیخ عبداللہ ناصح علوان ـــــ اردو ترجمہ: مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار

صفحات: جلد اوّل ۵۹۶ / جلد دوم ۴۲۹ ـــ قیمت مکمل سیٹ۔ ۲۵۰/ روپے ـــ ناشر: دارالتصنیف جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

وحدتِ امت اور اتحادِ ملت کے بلند ترین مقصد کے حصول میں اصلاحِ معاشرہ نقطۂ آغاز ہے۔ معاشرہ کی تشکیل اور صالحیت میں "تربیتِ اولاد" کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ ریسرچ و تحقیق اور تصنیف و تالیف کے اس دور میں اس موضوع پر بہت کچھ لکھا گیا ہے، مگر شیخ عبداللہ ناصح علوان کی "تربیۃ الاولاد فی الاسلام" کو جو جامعیت اور نافعیت اور جس عظمت اور استناد کا مقام حاصل ہے وہ تو بس ان ہی کا حصہ ہے ـــ کتاب کی اسی افادیت اور اہمیت کے پیشِ نظر ملک کے مشہور سکالر، جامعہ علوم اسلامیہ کے معروف استاذ مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار نے کتاب مذکور کو اردو کے نہایت ہی حسین اور سلیس پیرائے میں ڈھال کر برصغیر کے مسلمانوں کو ایک اہم اور تاریخی دستاویز بہم پہنچا دی ہے۔ اردو ترجمہ ۲ دو جلدوں میں مکمل ہوا ہے۔ ہماری معلومات کی حد تک تربیتِ اولاد کے موضوع پر اس قدر بہترین طریقے سے ایسا قیمتی اور پُر از حقائق مجموعہ آج تک تحریر میں نہیں آسکا۔ کتاب میں موضوع سے متعلق آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ مبارکہ اور سلف صالحین کے آثار و اقوال کے ذخیرہ کو بڑے سلیقہ سے مرتب کیا گیا ہے۔ اصل عربی اور اردو ترجمہ کے ہر جملہ سے یہ بات چھلکتی نظر آتی ہے کہ خود مصنف اور مترجم نے بڑے درد و سوز، ایمانی جذبہ و جوش اور علمی پختگی کے ساتھ تحریر زیبِ قرطاس کی ہے۔

بہرحال "اسلام اور تربیتِ اولاد" کی صورت میں امتِ مسلمہ اور اسلامی کتب خانوں کو ایک ایسی جامع کتاب میسر ہوگئی ہے جو تعلیم و تربیت کے ہر پہلو سے بحث کرتی ہے جس میں ایسے بنیادی اصولوں اور قواعد کی نشاندہی کی گئی ہے جس سے بچوں کی عقلی، روحانی اور جسمانی تربیت عمدہ طریقے سے ہو سکے گی اور جس سے ان کی شخصیت کو اخلاقی، نفسیاتی اور معاشرتی ہر اعتبار سے صحیح ڈھانچہ میں ڈھالا جا سکے گا۔ یقین ہے کہ علمی اور دینی حلقے اس عظیم تاریخی شاہکار کی بھرپور قدر کریں گے۔ (عبدالقیوم حقانی)

حقیقۃ الفقہ | تصنیف: مولانا انوار اللہ فاروقیؒ ـــــ صفحات ۶۵۰ ـــــ قیمت درج نہیں

ناشر: ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، ۴۳۷ ڈی گارڈن ایسٹ نزد لسبیلہ چوک کراچی ۵

مولانا محمد انوار اللہ فاروقیؒ اپنے وقت کے جلیل القدر عالم دین، محقق، صاحبِ قلم اور صاحبِ نظر فاضل اور امام الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے خلیفہ اجل تھے "حقیقۃ الفقہ" انہی کی مشہور اور مایۂ ناز تصنیف ہے۔ علمِ فقہ کی عظمت و اہمیت، ضرورت و جامعیت